**الیکشن کمیشن آف پاکستان**

**(شعبہ تعلقات عامہ)**

# پریس ریلیز

**مورخہ 12مارچ 2020ء**

*آج جناب ایم جے سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی زیر صدارت خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں معززممبران الیکشن کمیشن،سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے نمائندوں اور ڈویلپمنٹ پارٹنرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے ملک میں خواتین کے سماجی،سیاسی و انتخابی حقوق کیلئے کی گئی جدوجہد کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن انتخابی عمل میں خواتین کی نمائندگی کو بڑھانے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے خواتین کے شناختی کارڈ کے اجراء اور الیکشن کمیشن کی معاونت پر نادرا، ڈویلپمنٹ پارٹنرز، سول سائٹی کی تنظیموں اور میڈیا کا شکریہ ادا کیا۔ اسی تقریب میں دور دراز کے علاقوں سے آئی خواتین جنہیں الیکشن کمیشن کی شناختی کارڈ ووٹر اندراج مہم کے دوران شناختی کارڈ مہیا کئے گئے انہوں نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔*

-----------




Election Commission of Pakistan
International
Women's Day
2020